# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 21

### متن

مس حبیبہ بہت اچھی استانی ہیں ۔ وہ ریاضی کو آسان بنا کر پڑھاتی ہیں ۔ پڑھانے کے ساتھ وہ اپنے طلبہ کو اچھا انسان بنانے کی کوشش بھی کرتی ہیں اور وقتاً'' فوقتاً'' بچوں کو اچھی باتیں بتاتی رہتی ہیں ۔ ایک دن مس حبیبہ بیمار ہوگئیں اور اسکول نہیں آسکیں ۔ ان کے طلبہ اداس ہو گئے ۔ ان کی جگہ ایک دوسرے استاد نے بچوں کو ریاضی پڑھائی ۔ بچوں کو سر احمد کا انداز سمجھ نہیں آیا کیونکہ انہوں نے ریاضی کو مشکل اور الجھا ہوا بنا دیا۔ انہوں نے طلبہ کو بہت زیادہ ڈانٹ ڈپٹ بھی کی ۔ طلبہ چاہتے ہیں کہ مس حبیبہ جلد صحتیاب ہوکر واپس آجائیں ۔ سب نے مل کر مس حبیبہ کی صحت کے لیے دعا کی ۔

### سوالات

### سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (۱۰)

مس حبیبہ ـــــــــ اچھی استانی ہیں ۔ وہ ریاضی کو آسان بنا کر ـــــــــ ہیں ۔ پڑھانے کے ساتھ وہ اپنے طلبہ کو ـــــــــ انسان بنانے کی کوشش بھی کرتی ہیں اور وقتاً'' فوقتاً'' بچوں کو اچھی ـــــــــ بتاتی رہتی ہیں ۔ ایک دن مس حبیبہ ـــــــــ ہوگئیں اور اسکول نہیں آسکیں ۔ ان کے طلبہ اداس ہو گئے ۔ ان کی جگہ ایک ـــــــــ استاد نے بچوں کو ریاضی پڑھائی ۔ بچوں کو سر احمد کا ـــــــــ سمجھ نہیں آیا کیونکہ انہوں نے ریاضی کو ـــــــــ اور الجھا ہوا بنا دیا۔ انہوں نے ـــــــــ کو بہت زیادہ ڈانٹ ڈپٹ بھی کی ۔ طلبہ ـــــــــ ہیں کہ مس حبیبہ جلد صحتیاب ہوکر واپس آجائیں ۔ سب نے مل کر مس حبیبہ کی صحت کے لیے دعا کی ۔

### سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے ۔ (۱۰)

۱۔ مس حبیبہ بہت اچھی ـــــــــ ہیں ۔

نانی　　　استانی　　　پڑوسی

۲۔ وہ ـــــــــ کو آسان بنا کر پڑھاتی ہیں ۔

انگریزی　　　اردو　　　ریاضی

۳۔ وہ اپنے ــــــ کو اچھا انسان بنانے کی کوشش بھی کرتی ہیں۔

طلبہ امراء بچوں

۴۔ ـــــــــــ بچوں کو اچھی باتیں بتاتی رہتی ہیں۔

جلدی جلدی وقتاً فوقتاً بار بار

۵۔ ایک دن مس ـــــــــ بیمار ہوگئیں اور اسکول نہیں آسکیں۔

طیبہ شکیبہ حبیبہ

۶۔ ان کی جگہ ایک ـــــــــ استاد نے بچوں کو ریاضی پڑھائی۔

اور دوسرے اگلے

۷۔ بچوں کو سر احمد کا انداز سمجھ نہیں آیا۔

پسند نہیں آیا سمجھ نہیں آیا سمجھ کبھی آیا

۸۔ ـــــــــ نے ریاضی کو مشکل اور الجھا ہوا بنا دیا۔

کسی انہوں میں

۹۔ طلبہ چاہتے ہیں کہ مس حبیبہ جلد ـــــــــ ہوکر واپس آجائیں۔

شفایاب کامیاب صحتیاب

۱۰۔ سب نے مل کر مس حبیبہ کی صحت کے لیے ـــــــ کی۔

دعا دوا سوا

**سننے کی مشق کے بعد بات چیت**

آپ کو ریاضی پسند ہے یا نہیں؟ آپ کی استانی / استاد اسے آپ کے لیے آسان بناتے ہیں یا الجھا ہوا؟

کیا آپ نے کبھی اپنے کسی استاد/ استانی کے لیے دعا کی؟ تفصیل بتائیے۔

****************************************